## سوال

(148) عید کی مبارک باد دینا

## جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

مبارک باد دینا

# الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

حافظ ابن حجر رحمۃ اللہ علیہ نے حضرت جبیر بن نفیر سے نقل کیا ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے صحابہ کرام عید کے دن جب ایک دوسرے سے ملتے تو بایں الفاظ مبارک باد دیتے تھے۔ (تقبل اللہ منا ومنک)[1]

امام ابن تیمیہ رحمۃ اللہ علیہ نے بھی ان الفاظ کا مشروع ہونا بیان کیا ہے۔[2]

اس لیے ان الفاظ کے ساتھ ایک دوسرے کو عید کی مبارک باد دی جا سکتی ہے البتہ معانقہ کرنا احادیث سے ثابت نہیں۔

---

[1] فتح الباری، ص ۵۱۷، ج ۲۔

[2] الفتاویٰ، ص ۲۵۳، ج ۲۴۔

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

## فتاویٰ اصحاب الحدیث

**جلد 4۔ صفحہ نمبر: 157**